الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

شعبہ سائٹ ٹاؤن - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: http://fatawa.binoria.org فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

Serial No :> 3440

Fatwa No :> 36285

Date :> 19/8/2007

Name :> SHAHBAZ ALI

Address :> HYDERABAD

Email :>

Sebject :> SHAB E MERAJ

Question :>

ASSALAM ALLAIKUM

SHAB - E - MIRAJ MANANAY KA KIYA TAREEQA HAY OR JIS TARHAN PAKISTAN MAIN MANAI JATEE HAY KIYA WO SAHE HAY?

السلام علیکم: شب معراج منانے کا کیا طریقہ ہے، اور جس طریقہ سے پاکستان میں منائی جاتی ہے کیا وہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

شب معراج منانے کا کوئی طریقہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے مستند طریق پر منقول نہیں، اور نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کرام و تابعین نے خصوصیت کے ساتھ اس رات کو کوئی عبادت کی ہے، اسلئے کسی خاص ذکر و تسبیح یا طریقۂ عبادت کو اس رات کے ساتھ مخصوص و مختص کرنا اور پھر اسے باعث اجر و ثواب سمجھنا قطعاً درست نہیں بلکہ بدعت ہے، جبکہ ہمارے یہاں ملک پاکستان میں اس موقع پر جو خرافات انجام دی جاتی ہیں اکثر یہود و ہنود سے متوارث ہیں اسلئے بجائے ان خرافات کے رجوع الی اللہ اور اتباع سنت کی ضرورت ہے اور اسی میں نجات اور بہتری ہے۔

فی المشکوۃ: عن غضیف بن الحارث الثمالی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما أحدث قوم بدعۃ الا رفع مثلہا من السنۃ فتمسک بسنۃ خیر من احداث بدعۃ (رواہ أحمد. ص٣١)

واللہ تعالی أعلم وأحکم

حمید الرحمن کان اللہ لہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٨، شعبان المعظم ١٤٢٨ھ

الجواب صحیح

عبد اللہ شوکت کان اللہ لہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٨، شعبان ١٤٢٨ھ

٣٦٢٨٥

٢٣/٨/٠٧

23/8/07